# 15-05-2024 WEDNESDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں :

☆ شہریت ترمیمی قانون 2024 کے اعلان کے بعد آج شہریت سرٹیفکیٹس کا پہلا سیٹ جاری کیا گیا۔

☆ ریاستی محکمہ زراعت نے 2024 کے خریف سیزن کیلئے بازار میں کپاس کی مختلف بیجوں کے 120 لاکھ پیاکٹس دستیاب رکھنے کا منصوبہ بنایا ہے۔

☆ بی آر ایس کے کارگذار صدر کے ٹی آر نے ریاستی حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ سیاسی نظریات کو ایک طرف رکھتے ہوئے کسانوں سے فوری دھان خریدی جائے۔

☆ تلنگانہ میں آئندہ پانچ دن کے دوران مختلف مقامات پر بوندا باندی کے علاوہ بجلیاں چمکنے اور تیز ہوائیں چلنے کا امکان ہے۔

☆☆☆☆☆

بی آر ایس پارٹی کے کارگذار صدر کے ٹی راما راؤ نے ریاستی حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ سیاست کو ایک طرف رکھتے ہوئے کسانوں سے فوری طور پر دھان خریدی جائے۔ حیدرآباد میں آج میڈیا کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے راما راؤ نے کہا کہ بے موسمی بارش اور خریدی مراکز پر دھان کی خریدی میں تاخیر کے سبب کسانوں کو بے حد مشکلات کا سامنا ہے۔ اس بات کا اظہار کرتے ہوئے کہ کسانوں کو شدید نقصان کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے، بی آر ایس لیڈر نے کہا کہ ریاستی زرعی شعبہ بحران جیسی صورتحال سے دوچار ہے۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ کانگریس حکومت نے کسی بھی طرح کا ملازمتوں کا کلینڈر جاری کیا اور نہ ہی وعدہ کے مطابق دو لاکھ ملازمتوں کیلئے اعلامیہ جاری کیا گیا۔ کے ٹی آر نے اس بات کو بھی غلط پایا کہ وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی برقی کی صورتحال کیلئے برقی تقسیم کے ملازمین کو ذمہ دار ٹھہرا رہے ہیں۔ کے ٹی آر نے مزید کہا کہ کانگریس، بی آر ایس حکومت کے دوران ہوئے نقصانات کو لیکر عوام کو گمراہ کر رہی ہے جبکہ اس سلسلے میں آر بی آئی نے حقائق جاری کئے ہیں۔

☆☆☆☆☆

ریاست کے محکمہ زراعت نے سال 2024 کے خریف سیزن کیلئے بازار میں دستیاب کپاس کے بیجوں پر مشتمل 120 لاکھ پیاکٹس خریدنے کا منصوبہ بنایا ہے۔ حکومت نے تخمینہ لگایا ہے کہ آنے والے خریف سیزن کے دوران کسان ریاست بھر میں تقریباً 60.53 لاکھ ایکر اراضی پر کپاس کی کاشت کر سکتے ہیں۔ سکریٹریٹ میں آج زرعی عہدیداروں کے ساتھ منعقدہ ایک جائزہ اجلاس کے دوران زراعت کے وزیر ناگیشور راؤ نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ اس ماہ کے آواخر تک بازار میں بیج دستیاب رہیں۔ اس بات کو محسوس کرتے ہوئے کہ 2021 میں 60.53 لاکھ ایکر کے مقابلہ میں 2023 میں 45.17 لاکھ ایکر میں کمی کے ساتھ کپاس کی پیداوار میں کمی واقع ہوئی ہے، وزیر نے کہا کہ بین الاقوامی مارکٹ میں کپاس کی بڑھتی ہوئی طلب کو ذہن میں رکھتے ہوئے اس شعبہ میں اضافہ کی ضرورت ہے۔ ریاستی حکومت کے عہدیداروں کی جانب سے اس سلسلے میں دو مرتبہ میٹنگ منعقد کی جا چکی ہے۔ مرکز نے کپاس کی اقل ترین امدادی قیمت فی پیاکٹ 864 روپئے مقرر کی ہے۔ ناگیشور راؤ نے عہدیداروں سے کہا کہ ضلع واری اساس پر ٹیمیں بناتے ہوئے مقررہ قیمت پر بیجوں کی فروخت پر نظر رکھی جائے اور بازار میں معیاری بیجوں کی فروخت کی جانچ کی جائے۔

☆☆☆☆☆

سپریم کورٹ نے نیوز کلک کے بانی پرابیر پورکایاستھا Prabir Purkayastha کو رہا کرنے کا کم دیا ہے۔ جسٹس بی آر گوائی اور سندیپ مہتا پر مشتمل ایک بنچ نے آج کہا کہ اس کیس میں ریمانڈ کی کاپی فراہم نہیں کی گئی جس سے پرابیر کی گرفتاری غلط ثابت ہوتی ہے۔ ٹرائیل عدالت کی جانب سے پرابیر پر ضمانت کی شرائط نافذ کی جائیں گی۔ انہیں مخالف دہشت گردی قانون اور غیر قانونی سرگرمیوں کے تحت گزشتہ برس تین اکتوبر کو اس وقت گرفتار کیا گیا تھا جب نیویارک ٹائمس کی ایک تحقیق میں یہ الزام عائد کیا گیا تھا کہ نیوز کلک کو چینی پروپیگنڈہ کو پھیلانے کے لئے ایک نیٹ ورک سے عطیات موصول ہوئے ہیں۔

☆☆☆☆☆

دھان کی خریدی میں لاپرواہی پر کسانوں نے آج ضلع راجنا سرسلہ کے منڈل یونا راؤ پیٹ میں واقع ملکے پیٹا کے مقام پر عہدیداروں کے خلاف دھرنا دیا۔ کسانوں کے مطابق ایک مہینہ کا وقفہ گذر جانے کے باوجود عہدیداروں کی جانب سے خریدی کا عمل شروع نہیں کیا گیا ہے۔ انہوں نے انتباہ دیا کہ اگر یہ صورتحال برقرار رہی تب زبردستی کلکٹریٹ آفس میں داخل ہوجائیں گے۔

☆☆☆☆☆

تلنگانہ میں آئندہ پانچ دن کے دوران مختلف مقامات پر بوندا باندی کے علاوہ بجلیاں چمکنے اور تیس تا چالیس کیلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے تیز ہوائیں چلنے کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات کے مرکز نے آج اپنی یومیہ رپورٹ میں کہا کہ آئندہ سات دن کے دوران ریاست کے مختلف مقامات پر ہلکی تا اوسط بارش یا بوندا باندی ہوسکتی ہے۔ گزشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران تلنگانہ میں چند ایک مقامات پر بارش ہوئی۔ رپورٹ کے مطابق کل اعظم ترین درجہ حرارت نظام میں 41.2 ڈگری سلسیس درج کیا گیا۔

☆☆☆☆☆

اس ماہ کی 27 تاریخ کو منعقد ہونے والے قانون ساز کونسل کے انتخابات کے ضمن میں بی جے پی کی الیکشن انتظامی کمیٹی کی جانب سے نلگنڈہ۔ ورنگل۔ کھمم گریجویٹ حلقہ کے لئے کل ایک تیاری اجلاس منعقد کیا گیا۔ بی جے پی نے اس نشست کے لئے پریمیندر ریڈی کو امیدوار بنایا ہے۔ بی آر ایس کے راجیشور ریڈی کی جانب سے گزشتہ برس ڈسمبر میں مستعفی ہونے کے بعد اس نشست پر انتخاب ضروری ہوگیا تھا۔ راجیشور ریڈی حلقہ اسمبلی جنگاؤں سے منتخب ہونے کے بعد مستعفی ہوگئے تھے۔ مذکورہ میٹنگ میں سینئر لیڈر بشمول ریاستی بی جے پی صدر کشن ریڈی، ڈاکٹر کے لکشمن، پارٹی کے پارلیمانی بورڈ ممبر، بی جے پی کے اسمبلی فلور لیڈر مہیشور ریڈی اور سینئر لیڈر ایٹالہ راجندر نے شرکت کی۔

☆☆☆☆☆

تریپورہ ریاست کے گورنر اندراسین ریڈی نے مادھاپور میں واقع چترامائی اسٹیٹ آرٹ گیلری میں اسپیکٹرم آرٹ نمائش کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر فلم ڈائرکٹر تھماریڈی بھردواج اور میوزک ڈائرکٹر مہیت نارائن بھی موجود تھے۔ اس نمائش میں ڈرائنگ، آئیل پینٹنگ، پرانی اشیاء اور تلنگانہ، آندھراپردیش اور گوا سے تعلق رکھنے والے سات آرٹسٹوں کے فائبر نمونوں کو رکھا گیا۔ گورنر نے آرٹ کے کاموں کا مشاہدہ کرنے کے بعد اس کی تعریف کی۔ نیز انہوں نے آرٹسٹوں کو ان کے کاموں پر مبارکباد بھی دی۔

☆☆☆☆☆

الیکشن کمیشن نے رائے دہی کے بعد تشدد سے نمٹنے میں ناکامی پر آندھراپردیش کے چیف سکریٹری اور ڈائرکٹر جنرل آف پولیس کو سمن جاری کرتے ہوئے وضاحت طلب کی ہے۔ ذرائع کے مطابق کمیشن نے مذکورہ عہدیداروں کو سمن جاری کرتے ہوئے کل جمعرات کو شخصی طور پر نئی دہلی پہنچنے اور مستقبل میں اس طرح کے واقعات سے نمٹنے کیلئے کئے جانے والے اقدامات کی وضاحت کرنے کیلئے کہا ہے۔ آندھراپردیش میں انتخابات کے دوران ہوئے تشدد کا نوٹ لیتے ہوئے الیکشن کمیشن نے چیف سکریٹری اور اے پی کے ڈی جی پی کو ہدایت دی کہ اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ مستقبل میں کسی بھی قیمت پر اس طرح کے واقعات کا اعادہ نہ ہو۔

☆☆☆☆☆

الیکٹرانکس اور آئی ٹی کے مرکزی سکریٹری کرشنن نے آج کہا ہے کہ 6G ٹیکنالوجی، ملک کی ڈیجیٹیل معیشت کو مستحکم بنانے اور پیداوار کی صلاحیت میں اضافہ کی اہلیت رکھتی ہے۔ نئی دہلی میں بھارت 6G، 2024 کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ 6G ٹیکنالوجی میں ترقی سے صنعتی انقلاب پر اثرات مرتب ہوسکتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ 6G سے بڑے پیمانے پر ڈاٹا کو حاصل کیا جاسکتا ہے اور اس کے ذریعہ مصنوعی ذہانت کو بھی بہتر بنایا جاسکتا ہے۔

☆☆☆☆☆

تلنگانہ تھیٹرس اسوسی ایشن TTA نے ناظرین کی تعداد میں مسلسل کمی کی بناء پر سنگل اسکرین تھیٹرس کو جزوقتی طور پر بند کرنے کا اعلان کیا ہے۔اس فیصلہ کے تحت دس دن تک تھیٹرس بند رکھے جائیں گے۔ یہ سلسلہ جمعہ سے شروع ہوگا۔TTA نے آنے والوں کی کمی کی کئی وجوہات بیان کی ہے۔جن میں حالیہ انتخابات اور بڑی فلموں کا ریلیز نہ ہونا شامل ہے۔ خاص طور پر شہری علاقوں کے برخلاف چھوٹے شہروں اور منڈلوں میں واقع سینما ہالوں میں عوام کی تعداد میں کمی واقع ہوئی ہے۔اس صورتحال پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے اسوسی ایشن نے پرڈیوسرس سے مطالبہ کیا ہے کہ کرایہ کے شرحوں میں اضافہ کے ذریعہ تھیٹر مالکین کی مدد کی جائے۔

☆☆☆☆☆

ضلع کھمم کے منڈل بوناکل کے علاقہ مستی کنٹالہ میں آج پیش آئے ایک سڑک حادثہ میں دوافراد ہلاک اور دیگر دوزخمی ہوگئے۔ یہ حادثہ اس وقت پیش آیا جب ایک کار بے قابو ہوگئی اور سڑک کے کنارے موجود درخت سے ٹکراگئی۔ زخمیوں کو کھمم کے ایک سرکاری دواخانہ میں شریک کرایا گیا ہے۔مہلوکین کا تعلق ماميلا گوڑم سے ہے۔ اس سلسلے میں ایک کیس درج کرلیا گیا ہےاور تحقیقات جاری ہے۔

☆☆☆☆☆

شہریت ترمیمی قانون 2024 کے اعلان کے بعد آج شہریت سرٹیفکٹس کا پہلا سیٹ جاری کیا گیا۔مرکزی معتمد داخلہ اجئے کمار بھلا نے نئی دہلی میں چند درخواست گذاروں کو شہریت سرٹیفکیٹ حوالے کئے۔حکومت نے مذکورہ قانون کے تحت چودہ درخواست گذاروں کو شہریت دینے کا فیصلہ کیا ہے۔ بھلا نے درخواست گذاروں کو مبارک باد دی اور شہریت ترمیمی قانون کی خصوصیات کو اجاگر کیا۔جیسا کہ یہ قانون گیارہ مارچ 2024 میں جاری کیا گیا تھا۔

☆☆☆☆☆

یو پی ایس سی سیول سرویس، پریلیمینرس امتحانات 2024 کے تحت حیدرآباد میں واقع تمام بارہ ٹی ایس بی سی اسٹڈی سرکل پر ٹی ایس پی ایس سی گروپ ون آف لائن گرانڈ ٹسٹ منعقد کیے جائیں گے۔ڈائرکٹر ٹی ایس، بی سی اسٹڈی سرکل حیدرآباد سرینواس ریڈی نے یہ بات بتائی۔ٹی ایس پی ایس سی گروپ ون کیلئے گرانڈ ٹسٹ اس ماہ کی اٹھارہ تاریخ سے تین جون تک منعقد کیا جائے گا۔اسی طرح یو پی ایس سی سیول سرویس امتحانات کیلئے گرانڈ ٹسٹ 23 مئی سے بارہ جون تک منعقد ہوگا۔ خواہشمند اہل امیدوار ویب سائیٹ www.tsbcstudycircle.cgg.gov.in پر آن لائن درخواستیں دے سکتے ہیں۔